**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون:042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**24-ستمبر 2021**

# پریس ریلیز

## وزارتِ مذہبی اُمور کا جبری تبدیلی مذہب مسودہ بل اعتراضات کے ساتھ واپس کرنا قابل تحسین ہے۔

## وزارتِ انسانی حقوق غیر اسلامی حرکتوں سے باز رہے۔

**لاہور(پ ر)** وزارتِ مذہبی اُمور کا جبری تبدیلی مذہب مسودہ بل اعتراضات کے ساتھ واپس کرنا قابل تحسین ہے۔ وزارتِ انسانی حقوق غیر اسلامی حرکتوں سے باز رہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے وزارتِ انسانی حقوق کی جانب سے پیش کردہ جبری تبدیلی مذہب سے متعلق بل کے مسودہ کے حوالے سے وزارتِ مذہبی اُمور کے اس موٴقف کی پُرزور تائید کی کہ 18 سال کی عمر کی شرط، جج کے سامنے پیشی اور 90 دن کا انتظار غیر شرعی، غیر قانونی اور بنیادی آئینی و انسانی حقوق کے منافی ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ یہ بات صدفی صد درست ہے کہ یہ مسودہ بل خدانخواستہ اِسی صورت میں قانون بن جاتا تو پاکستان جیسے نظریاتی ملک میں اسلام قبول کرنے کے راستے میں ایک بہت بڑی رکاوٹ کھڑی ہو جاتی۔ اُنھوں نے کہا کہ اسلام میں مذہب کی جبری تبدیلی کا کوئی تصور ہی نہیں ہے۔ علاوہ ازیں پاکستان کا آئین بھی اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کی ضمانت دیتا ہے۔ اُنھوں نے وزارتِ مذہبی اُمور کا علماء کرام اور اسلامی نظریاتی کونسل سے مشاورت کو ایک احسن قدم قرار دیا۔ حقیقت یہ ہے کہ ایک اسلامی نظریاتی ملک میں خاص طور پر مذہب کے حوالے سے قانون سازی کرتے وقت علماء کرام سے مشورہ کرنا اور اُنھیں اعتماد میں لینا از حد ضروری ہے۔ اُنھوں نے وزارتِ انسانی حقوق کے حوالے سے اپنے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اِس وزارت کو بتانے کی ضرورت ہے کہ وہ مملکتِ خداداد اسلامی جمہوریہ پاکستان کی وزارت ہے اور اُسے اپنے تمام اُمور کی انجام دہی کے لیے مغرب سے نہیں بلکہ آئین پاکستان سے رہنمائی لینا چاہیے جو قرآن اور سنت کے خلاف قانون سازی کی اجازت نہیں دیتا۔

**جاری کردہ**

**ایوب بیگ مرزا**

**مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان**

**PRESS RELEASE: Friday 24 September 2021**

# "It is commendable that the ministry of religious affairs has rightfully returned the draft bill on forced conversion, with objections." "The Ministry of Human Rights ought to cease un-Islamic actions."

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR): "It is commendable that the ministry of religious affairs has rightfully returned the draft bill on forced conversion, with objections." "The Ministry of Human Rights ought to cease un-Islamic actions."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer endorsed the viewpoint of the ministry of religious affairs regarding the draft bill regarding forced conversion initiated and sent by the ministry of human rights, that the condition of 18 years of age, appearing in a court of law before a judge and the probability of a waiting period of 90 days, included in the draft bill are anti-Islam and contrary to the Shariah, as well as in stark violation to basic human rights and our constitution. The Ameer asserted that it is absolutely true that had the draft bill become part of the law of the land in its current state, it would have created big obstacles in the way of reversion to Islam in an ideological state such as Pakistan. The Ameer noted that there is no concept whatsoever of 'forced change of religion' (forced reversion) in Islam. Moreover, he noted, our constitution guarantees the rights of minorities in the state. The Ameer commended the ministry of religious affairs for including religious scholars and the Council of Islamic Ideology in consultations on the matter. He said that it is imperative to take the religious scholars into confidence and invite their opinions when doing legislation, particularly on matters related to religious issues, in an Islamic ideological state. While expressing apprehension and profound reservations regarding the conduct of the ministry of human rights, the Ameer said that the federal government needs to assertively and firmly tell the ministry of human rights that it is a ministry of the God-given Islamic Republic of Pakistan, therefore, it ought to perform all its functions and carry out its business in subservience to the constitution of the Islamic Republic of Pakistan, which does not allow any legislation repugnant to the Quran and Sunnah, instead of taking direction from the West.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**